اخبار الجامعۃ والجماعۃ

جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں میں سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس

مورخہ 02 اگست بروز اتوار بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں میں سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر ہوئی۔ جس میں جناب محمود مرزا جہلمی مہمان خصوصی تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا عطاء اللہ ثاقب خطیب مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا، اس کے بعد شاعر اسلام جناب غلام حسین مخلص نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ کانفرنس سے مناظر اسلام حضرت مولانا سید سبطین شاہ نقوی اور حضرت مولانا سیف اللہ خالد ملتانی نے خطاب کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔

وفیات

مرزا ناصر کو صدمہ

مورخہ 27 جون بروز ہفتہ مرزا ناصر (شمالی محلّہ) کے بھائی خالد محمود طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

آصف شفیق کو صدمہ

مورخہ 7 جولائی بروز منگل آصف شفیق کے نانا جان وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

ڈاکٹر عاطف جواد کو صدمہ

مورخہ 9 جولائی بروز جمعرات ڈاکٹر عاطف جواد صدر اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کے دادا جان طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ کے علاوہ جہلم شہر اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

حافظ محمد لیاقت، محمد دلاور اور محمد ریاض کوٹلہ آئمہ کو صدمہ

مورخہ 22 جولائی بروز بدھ حافظ محمد لیاقت و محمد دلاور کے والد اور محمد ریاض کوٹلہ آئمہ کے دادا جان اچانک ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شیخ احسان الحق، شیخ افتخار الحق اور سیٹھی عبدالمجید شاہد کو صدمہ

مورخہ 16 اگست بروز اتوار شیخ احسان الحق و شیخ افتخار الحق کے والد اور سیٹھی عبدالمجید شاہد کے سسر شیخ منظور الحق وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نماز پنجگانہ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں ادا کی گئی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)